خیبر پختونخواہ فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی

ہدایات برائے پولٹری فارم

1۔ پولٹری فارم کا خیبر پختونخواہ فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی سے لائسنس شدہ ہونا ضروری ہے۔

2۔ لائسنس کو میں نمایاں جگہ پر لگانا لازمی ہے۔

3۔ پولٹری فارم شہری آبادی سے دور ہونے چاہیے اور ایسے بنایا جائے جس میں پانی جانے کا خطرہ نہ ہو اور (Cross Ventilation) کا خیال رکھا جائے۔

4۔ پولٹری فارم کا قیام ایسی جگہ پر نہ ہو جہاں فضائی آلودگی، فیکٹری ویسٹ، جلا ہوا کچرہ یا کباڑ موجود ہو۔

ہدایات برائے ملازمین

1۔ تمام ملازمین کے میڈیکل کلیئرنس سرٹیفکیٹس موقع پر موجود ہوں۔

2۔ تمام ملازمین کا ہیڈ کوورز (Head Covers)، ماسک اور دستانے پہننا ضروری ہے۔

3۔ ملازمین کی کپڑے صاف ہوں۔

4۔ ملازمین کے کپڑے بدلنے کے لیے الگ کمرے کا ہونا ضروری ہے۔ جو کہ کولڈ سٹور کے ایریا سے الگ ہو۔

7۔ تمام ملازمین کا (Toilet) استعمال کرنے کے بعد صابن اور گرم پانی سے ہاتھ دھونے کو یقینی بنایا جائے۔

8۔ کام کے دوران کھانا پینا اور سموکنگ کرنا منع ہے۔

ہدایات برائے صفائی

1۔ پولٹری فارم کا فرش صاف، ہموار اور ہر قسم کی آلودگی سے پاک ہو اور کھڑا پانی موجود نہ ہو۔

2۔ پولٹر فارم کی دیواریں، کھڑکیاں اور دروازے صاف ہوں۔

3۔ چوزوں اور مرغیوں کو الگ الگ رکھا جائے۔

5۔ مرغیوں کی (Proper Vaccination) ہونی چاہیے اور اس کا ریکارڈ موقع پر موجود ہو۔

6۔ میڈیسن (Medicine) جہاں سے خریدی جارہی ہیں اس کا مکمل ریکارڈ مثلاً (میڈیسن کا نام، کمپنی کا نام، پتہ، فون نمبر وغیرہ) رجسٹر پر درج ہو اور موقع پر موجود ہو۔

7۔ ایسی کوئی بھی (Antibiotics, Medicine or Injection) کا استعمال سختی سے منع ہے جو وزن بڑھانے کیلئے استعمال کیے جاتے ہیں۔

8۔ جو فیڈ (Feed) استعمال میں لائی وہ فیڈ (Feed) ایسی جگہ سے لی جائے جو خیبر پختونخواہ فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی سے لائسنس شدہ ہو۔

9۔ پولٹری فارم میں مرغیوں کی پیداوار، مرنے والے مرغیوں اور تیار ہو کر جانے والے مرغیوں کا مکمل ریکارڈ موقع پر موجود ہونا چاہیے۔

10۔ ملازمین کی تمام ذاتی استعمال کی چیزیں اور فالتو اشیاء پولٹری فارم سے الگ ہوں۔

11۔ حشرات الارض کی روک تھام کے لیئے مناسب انتظامات کریں۔ (جالی، انسیکٹ کلرز اور روڈینٹ ٹریپ)۔

12۔ بارش اور تیز ہوا سے بچاؤ کیلئے مناسب انتظامات کیے جائیں۔

13۔ واش روم کی رسائی پولٹری فارم سے دور ہو۔

14۔ بیمار مرغیوں کو صحت مند مرغیوں سے الگ رکھا جائے۔

15۔ ڈرم یا کنٹینرز صاف اور ڈھکن کے ساتھ ہوں۔

16۔ جس برتن میں مرغیوں کو دانہ اور پانی دیا جائے وہ صاف ستھرا اور جراثیم سے پاک ہو۔ روزانہ کی بنیاد پر اس برتن کی صفائی کی جائے۔

17۔ پولٹری فارم میں روشنی، ہوا، نکاس آب، اور صاف پانی کی سہولت میسر ہو۔

18۔ پولٹری فارم میں استعمال ہونے والا پانی صاف ہو۔

19۔ پولٹری فارم میں ونٹری ڈاکٹر کی چیکینگ لسٹ کا ریکارڈ موقع پر موجود ہو۔

17۔ پولٹری فارم/ شیڈ کی روزانہ کی بنیاد پر صفائی کی جائے۔

ہدایات برائے ٹرانسپورٹیشن

1۔ ٹرانسپورٹیشن کی تمام گاڑیاں صاف ستھری اور جراثیم سے پاک ہوں۔

2۔ ٹوٹے ہوئے پنجرے کا استعمال سختی سے منع ہے۔

3۔ تمام لوڈر اور ان لوڈر تربیت یافتہ ہوں۔ دستانے اور ماسک کا استعمال یقینی بنایا جائے۔

4۔ انڈوں کو ٹرانسپورٹ کرنے والی تمام گاڑیاں صاف ستھری اور جراثیم سے پاک ہو۔

5۔ انڈوں کو فیزیکل ڈیمیج سے روکنے کیلئے مناسب انتظام ہو۔

6۔ ٹوٹے ہوئے انڈوں کی فروخت منع ہے۔